﴿ فقہی مجالس ﴾

# روئیداد پانچویں فقھی کانفرنس پشاور

ترتیب: طارق محمود مروت

12,11 دسمبر 2004ء کو بروز ہفتہ، اتوار جامعۃ المرکز الاسلامی بنوں کے تحت اوقاف ہال پشاور میں پانچویں فقہی کانفرنس منعقد ہوئی اس سے قبل مختلف علمی وفقہی اور عصری مسائل کی فقہی تحقیق کے عنوان پر اس طرح چار کانفرنسیں منعقد ہو چکی ہیں اس بار کانفرنس کا عنوان ''جدید سائنسی انکشافات اور متعلقہ فقہی مسائل'' تھا۔

الحمد للہ کانفرنس کافی حد تک اپنے علمی تحقیقی مقاصد کے حصول میں کامیاب رہا اور اس کانفرنس میں ملک بھر کے اسلامی جامعات مدارس اور عصری جامعات اور اداروں کے اہل علم و تحقیق نے عصر حاضر کے بہت سے حل طلب مسائل پر علمی اور تحقیقی مقالات پیش کئے۔

اس دوروزہ کانفرنس کی کل پانچ نشستیں ہوئیں یہ نشستیں مسلسل جاری رہیں۔

11 دسمبر ہفتہ کو افتتاحی نشست صبح 10:30 سے 1 بجہ ظہر تک اور دوسری نشست اسی روز 2 بجے سے نماز عصر کے وقفہ کے ساتھ مغرب 5 بجے تک اور تیسری نشست اسی روز رات 7 بجے سے 10:30 بجے تک جاری رہا۔

12 دسمبر اتوار کو صبح چوتھی نشست 9:30 سے 1 بجے ظہر تک اور پانچویں نشست 1:45 سے دوپہر تا 3:15 عصر تک جاری رہا۔

11 دسمبر کو پہلی نشست میں کانفرنس کا باقاعدہ افتتاح وزیر اعلیٰ سرحد جناب اکرم خان درانی نے کیا انہوں نے جدید فقہی تحقیق پر زور دیا اور حکومت سرحد کی طرف سے اسی طرح کے علمی مجالس کو ایک خوش آئند اقدام قرار دیا۔ اس کے قبل بانی کانفرنس حضرت مولانا سید نصیب علی شاہ الہاشمی صاحب نے خطبہ استقبالیہ پیش کر کے جملہ شرکاء ومندوبین کانفرنس کا خیر مقدم کیا اور ان کا شکریہ ادا کیا۔

افتتاحی نشست سے متحدہ مجلس عمل کے جنرل سیکرٹری قائد حزب اختلاف حضرت مولانا فضل الرحمٰن صاحب نے کلیدی خطاب کیا اور علماء پر زور دیا کہ وہ حالات اور حادثات پر اپنی کھڑی نگاہ رکھ کر اکابر کی تعلیمات کی روشنی میں اپنی مشن کو جاری رکھیں۔

انہوں نے فقہی کانفرنس کے انعقاد و بانی کانفرنس مولانا سید نصیب علی شاہ کو زبردست خراج تحسین پیش کیا۔

افتتاح کے بعد کانفرنس کی باقاعدہ کاروائی جاری رہی اور اہل علم و تحقیق نے پر مغز علمی مقالات پیش کئے جس کی تفصیل علیحدہ پیش کی جا رہی ہے۔ اس کانفرنس کی امتیازی خصوصیات میں یہ بات شامل تھی کہ جتنے بھی مندوبین شریک ہوئے انہوں نے دونوں روز پورے مقالے سنیں اور اس علمی و تحقیقی مجلس کی اہمیت اور وقت کے اس اہم ضرورت کے لئے کانفرنس کے انعقاد کا خیر مقدم کیا اور رطب للسان رہے۔ زیادہ تر سامعین میں فارغ التحصیل علماء اور گریجویٹ حضرات شریک تھے۔ ہزارہ یونیورسٹی کے وائس چانسلر (V.C) ڈاکٹر داؤد احمد شاہ نے ''خلقت جنین اور قرآن'' کے موضوع پر اپنا مقالہ سلائیڈ کی مدد سے پیش کیا جس سے اہل علم کو بہت سی صورتوں کو باآسانی

میں مدد ملی۔متعدد جامعات اور مدارس نے کانفرنس کے استفادہ کے لئے باقاعدہ وفود بھیجے تھے اور وہ پروگرام کے آخر تک شریک رہے۔سردی کے موسم کی وجہ سے مہمانوں کا قیام ''آمین ہوٹل'' اور دیگر مختلف احباب کے ہاں قیام کا معقول انتظام کیا گیا تھا۔اور بازار سے کثیر تعداد میں کرایہ پر بستر ے لانے پڑے۔کانفرنس کے دوران جملہ شرکاء کے لئے باقاعدہ صبح،شام طعام کا انتظام کیا گیا تھا۔ان اضافی اخراجات کی وجہ سے المرکز الاسلامی کو مزید کافی حد تک مالی بوجھ اٹھانا پڑا واضح رہے کہ فقہی مجالس کے لئے باقاعدہ کوئی مالی ادارہ یا کسی کا امداد موجود نہیں۔جو کہ المرکز کے لئے ایک بہت بڑا چیلنج ہے۔اس کانفرنس کے اختتام پر درج ذیل قراردادیں اور اعلامیہ جاری کیا گیا

## اعلامیہ فقہی کانفرنس:۔

جدید سائنس وٹیکنالوجی کی تحقیقات اور ایجادات کی فقہی تحقیق کے لئے 12,11 دسمبر بروز ہفتہ،اتوار کو اوقاف ہال چارسدہ روڈ پشاور میں پاکستان بھر کے اہل علم وتحقیق کے اشتراک سے منعقدہ دوروزہ پانچویں فقہی کانفرنس کا میں ذیل اعلامیہ اور قراردادیں منظور کی گئی:

(۱) ملک بھر کے معتمد اہل علم وتحقیق کے باہمی اشتراک سے امت مسلمہ کو درپیش جدید مسائل کے حل کے لئے مجلس قائم کی جائے گی۔

(۲) جامعہ المرکز الاسلامی بنوں کے شروع کردہ فقہی تحقیق مجالس کا خیر مقدم کرتے ہوئے اس کے بانی حضرت مولانا سید نصیب علی شاہ الہاشمی کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں اور موجودہ فقہی مجالس کے سلسلہ میں کانفرنس،سیمینار،اجتماعات اور اجلاس کا تسلسل جاری رکھا جائے۔

(۳) جامعات،مدارس اور عصری تعلیمی درسگاہوں اور تحقیقی اداروں میں جدید عصری مسائل پر فقہی تحقیق اور تدریس جاری رکھا جائے۔

(۴) پشاور فقہی کانفرنس کے مقالات پر سفارشات مرتب کرنے اور افادہ عام کے لئے شائع کرنے کے سلسلہ میں اہل علم وتحقیق کا دو ہفتوں کے اندر جامعۃ المرکز الاسلامی بنوں میں اجلاس منعقد ہوگا۔

(۵) فقہی تحقیقات کے لئے سہ ماہی ''المباحث الاسلامیہ'' اور ششماہی ''البحوث الاسلامیہ'' کی اشاعت کو مزید بڑھایا جائے اور ہر مسلمان اس کو اپنے لئے جاری کردیں۔

(۶) عصر حاضر کے درپیش مسائل اور اشکالات کا حل پیش کرنا وقت کی ایک اہم ضرورت ہے اس سلسلہ میں اہل علم وادارے ساتھ دیں گے۔اور اہل خیر سے گزارش ہے کہ اس سلسلہ کو مزید بڑھانے کے لئے عطیات سے نوازیں۔

(۷) علماء اور دینی جماعتوں کے درمیان کے باہمی رابطہ،تعاون اور اتحاد برقرار رکھنے کی وصیت کرتے ہیں تاکہ اسلام اور مسلمانوں کو درپیش مسائل اور پریشانیوں کا ازالہ کرسکیں اور امت مسلمہ کے ترقی وتعمیر کے لئے کام کریں۔

(۸) متحدہ مجلس عمل کی حکومت سرحد کے اسلامی اور رفاہی اقدامات کا خیر مقدم کرتے ہیں اور اسی کی مزید کامیابی کے لئے دعا کرتے ہیں

(۹) دنیا بھر کے مظلوم مسلمانوں کا ساتھ دینا ہر فرد،حکمران اور حکومتوں کا فریضہ قرار دیتے ہیں اور مسلمانوں پر جاری مظالم کو بند کرنے کا مطالبہ کرتے ہیں۔ملک بھر کے اخبارات نے کانفرنس کی کاروائیوں کو شہ سرخیوں کے ساتھ شائع کیا۔

﴿ مقالہ نگاران اور مقالہ جات ﴾

# ﴿ پانچویں فقہی کانفرنس کے مقالات ﴾

جدید سائنس اور ٹیکنالوجی کی تحقیقات وایجادات سے رونما ہونے والے عصری مسائل کی فقہی تحقیق کے سلسلہ میں 12,11 دسمبر بروز ہفتہ، اتوار کو منعقدہ پانچویں فقہی کانفرنس پشاور میں اندرون وبیرون ملک سے شرکت کرنے والے اہل علم، تحقیق نے خطاب کیا۔

وقت کی تحقیق طلب جن عنوانات پر تحقیقی مقالے پیش کئے ان کی تفصیل کچھ یوں ہیں۔

| نمبر شمار | عنوان مقالہ وخطاب | پیش کنندہ |
|---|---|---|
| 1 | افتتاح | الحاج محمد اکرم خان درانی (وزیر اعلیٰ صوبہ سرحد) |
| 2 | کلیدی خطاب | قائد حزب اختلاف مولانا فضل الرحمٰن (سیکرٹری جنرل متحدہ مجلس عمل) |
| 3 | خطبہ استقبالیہ | مولانا سید نصیب علی شاہ الہاشمی ایم این اے (بانی فقہی کانفرنس) |
| 4 | دماغی عوارض اور تحقیق طلب مسائل | مولانا مفتی محمد زاہد (شیخ الحدیث جامعہ امدادیہ فیصل آباد) |
| 5 | جدید سائنسی انکشافات اور فقہی سوالات | مولانا مفتی عبدالنور (جامعہ العلوم الاسلامیہ الفریدیہ اسلام آباد) |
| 6 | التبیان لکل شئی من خلال القرآن | فضیلۃ الشیخ جناب عبدالرحمٰن بن جمیل بن عبدالرحمٰن قصاص استاد جامعہ ام القریٰ مکۃ المکرمہ |
| 7 | تلاوت قرآن مجید (نشست اول) | قاری فیاض الرحمٰن علوی (ایم این اے پشاور) |
| 8 | قرآن کریم کا نظریہ تسخیر کائنات | پروفیسر حافظ محمد یسین بٹ (پروفیسر شعبہ علوم اسلامیہ یونیورسٹی آف انجنیئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی ٹیکسلا) |
| 9 | جدید سائنسی تحقیقات | مولانا عبدالقیوم حقانی (مہتم جامعہ ابوہریرہ خالق آباد نوشہرہ) |
| 10 | خلقت جنین کے بارے جدید سائنسی تحقیق اور قرآن کریم | ڈاکٹر محمد اسلم خان (اسسٹنٹ پروفیسر شعبہ عربی واسلامیات گومل یونیورسٹی ڈیرہ اسماعیل خان |
| 11 | قرآن، سائنس اور سمندر | ڈاکٹر صلاح الدین ثانی (لیکچرار قائد ملت گورنمنٹ ڈگری کالج لیاقت آباد کراچی) |

| | | |
|---|---|---|
| 12 | انسانی کلوننگ کی شرعی حیثیت | مفتی حفیظ اللہ ڈیروی (نائب مفتی و مدرس دار العلوم عیدگاہ کبیر والا خانیوال) |
| 13 | خلقت جنین اور قرآن | مولانا سراج الحق (دار العلوم اسلامیہ عربیہ دلبوڑی ہزارہ) |
| 14 | حکومت، امامت اور جمہوریت | مولانا عصمت اللہ (وزیر مالیات صوبہ سرحد) |
| 15 | جدید سائنسی تخلیقات پر مرتب شرعی احکام کے لئے فقہی اصول وضوابط | حضرت مولانا شیخ الحدیث محمد حسن جان (جامعہ امداد العلوم درویش مسجد مال روڈ پشاور صدر) |
| 16 | جدید سائنسی انکشافات اور اسلام | پروفیسر گل قدیم جان (اسسٹنٹ پروفیسر ونیسم کالج ڈی آئی خان) |
| 17 | رؤیت ہلال میں جدید سائنسی تحقیق کی شرعی حیثیت | پروفیسر شبیر احمد کاکاخیل (ماہر ریاضیات وحسابات سینئر پرنسپل پاکستان اٹامک انرجی کمیشن وممبر مرکزی رؤیت ہلال کمیٹی آف پاکستان) |
| 18 | فقہی تحقیق کی ضرورت | مولانا ڈاکٹر شیر علی شاہ (شیخ الحدیث دار العلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک) |
| 19 | تحقیقی مجالس کی ضرورت | حضرت مولانا انوار الحق (استاذ الحدیث نائب مہتمم دار العلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک) |
| 20 | فقہ کی اہمیت | حضرت مولانا قاضی حمید اللہ خان (مہتمم وشیخ الحدیث جامعہ مظاہر العلوم وانوار العلوم گجرانوالہ (ایم این اے) |
| 21 | سائنس اسلام کا خادم | پروفیسر شبیر احمد کاکاخیل (ماہر ریاضیات وحسابات ۔۔۔۔۔) |
| 22 | تلاوت کلام پاک | قاری جان عالم (مدرس اقرار روضۃ الأطفال نائب مفتی جامع مسجد عبد اللہ بن مسعودؓ) |
| 23 | کلوننگ اور اس کا اسلامی نقطہ نظر سے جائزہ | پروفیسر ڈاکٹر محمد باقر خاکوانی (چیئرمین شعبہ قرآن وتفسیر وشعبہ افکار و تمدنِ اسلامی علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد |
| 24 | جدید سائنس اور طبی ایجادات اسلامی نقطہ نظر سے | پروفیسر ڈاکٹر نثار محمد (پشاور یونیورسٹی پشاور) |
| 25 | خلقت جنین کے بارے میں جدید سائنسی تحقیق اور قرآن کریم | پروفیسر ڈاکٹر محمد داؤد اعوان (وائس چانسلر ہزارہ یونیورسٹی) |
| 26 | عبد الرحمٰن بن جمیل بن عبد الرحمٰن قصاص کے مقالے کا خلاصہ | مفتی عبد الغنی (جامعہ المرکز الاسلامی بنوں) |

| | | |
|---|---|---|
| 27 | تاثرات اسلامک یونیورسٹی | مولانا محمد مصباح الرحمٰن یوسفی (امام فیصل مسجد اسلام آباد) |
| 28 | اعلامیہ کانفرنس | مفتی احسان اللہ (ناظم تعلیمات، مدرس جامعۃ المرکز الاسلامی بنوں) |
| 29 | تفریح اور تفریحی امور | پروفیسر فضل واحد (استاد تحقیق ادارہ نیپا پشاور) |
| 30 | تلاوت کلام پاک | سید عارف علی شاہ (متعلم جامعہ المرکز الاسلامی بنوں) |
| 31 | امریکہ کی پارکسیوازم میں پیوندکاری کی شرعی حیثیت | مفتی ذاکر حسن نعمانی (جامعہ عثمانیہ پشاور) |
| 32 | بیان | حضرت مولانا حسین احمد دیشانی (خطیب جامع مسجد راول ڈیم اسلام آباد) |
| 33 | اختتامی دعا | مولانا غلام محمد صادق (ایم این اے مہمند ایجنسی) |

وہ مقالات جو کہ کانفرنس کے لئے تیار کئے گئے اور قلت وقت کے باعث پیش نہ ہو سکے ان کو بھی کانفرنس کا باقاعدہ حصہ قرار دے کر استفادہ کے لئے سفارشات کمیٹی کے زیرغور مباحث میں شامل کی گئی ہیں ان کو بھی مقالات فقہی کانفرنس کے کتاب میں افادہ عام کے لئے باقاعدہ شائع کئے جائیں گے۔

| | | |
|---|---|---|
| 34 | تفریح اور تفریحی امور شریعت کی روشنی میں | مولانا سیف اللہ خان فاضل دیوبند |
| 35 | انسانی کلوننگ ایک جائزہ | سید صلاح الدین قادری لیکچرار شعبہ حیونات جامعہ ملیہ گورنمنٹ ڈگری کالج ملیر کراچی |
| 36 | The universal law of movement (as revealed in Quran) | Jahangir Khna Sikandri senior Engineer M.D.E Directorate ,PLD Dep: NWFP |
| 37 | قرآن کریم کا نظریہ تسخیر کائنات | مولانا محمد اسلم شیخوپوری کراچی |
| 38 | جدید طبی مسائل سے متعلق اہم سوالات نشاندہی | مولانا مفتی غلام قادر نعمانی استاد التخصص والافتاء فی الفقہ الاسلامی جامعہ دار العلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک نوشہرہ |
| 39 | قرآن کریم کا نظریہ تسخیر کائنات | مسز شاہدہ پروین لیکچرار ادارہ علوم اسلامیہ جامعہ پنجاب لاہور |

‘‘‘‘‘‘‘‘‘‘‘‘‘‘